## اگر آپ کو کوئی معذوری لاحق ہے تو بے گھر افراد کی خدمات کے محکمہ (ڈی ایچ ایس) سے مناسب سہولت کی درخواست کیسے کریں

### مناسب سہولت سے کیا مراد ہے؟

مناسب سہولت (آر اے) نظام میں ایک طرح کی تبدیلی ہے تاکہ کسی معذوری کا شکار شخص کو اپنی ضرورت کی خدمات حاصل ہوسکیں۔ بے گھر افراد کی خدمات کا محکمہ (ڈی ایچ ایس) جیسے سرکاری ایجنسیوں کو اپنے قواعد و ضوابط کو ایڈجسٹ کرنا چاہئے تاکہ معذور افراد کو خدمات کی یکساں رسائی حاصل ہوسکے۔اگر آپ کسی معذوری کے شکار ہیں اور آپ کو ڈی ایچ ایس کی پناہ درکار ہے، تو آپ کو ڈی ایچ ایس کی پناہ گاہوں اور خدمات کو استعمال کرنے کے لئے آپ کو جوکچھ بھی ضرورت پڑے، ڈی ایچ ایس کو اسے آپ کو فراہم کرنا چاہئے۔ایسی بہت ساری مختلف قسم کی مناسب سہولیات ہیں جو آپ کی معذوری کے سبب آپ کو درپیش ضرورتوں کی بنیاد پر ڈي ایچ ایس آپ کو دے سکتا ہے۔

### معذوری کیا ہے؟

معذور امریکی باشندگان ایکٹ (اے ڈی اے) کے مطابق معذور شخص "وہ فرد ہے جسے ایسی جسمانی یا ذہنی معذوری لاحق ہے جو اس کی زندگی کی ایک اہم سرگرمی یا زیادہ سرگرمیوں میں کافی حد تک مانع ہوتی ہے"۔اگر آپ جسمانی یا ذہنی لحاظ سے کسی ایسی طبی خرابی کی حالت میں مبتلا ہیں، جو بار بار اور سنگین طور سے آپ کی روزمرہ کی زندگی میں اثر انداز ہوتی ہے، تو شاید آپ اے ڈی اے کے تحت معذور شمار ہوسکتے ہیں۔صرف اس لئے کسی کے ساتھ امتیازی سلوک کرنا قانون کے خلاف ہے کہ اس کو کوئي معذوری لاحق ہے۔

### بے گھر افراد کی خدمات کے محکمہ کی طرف سے مناسب رہائشی سہولت کے لئے میرے کیا حقوق ہیں؟

اگر آپ کو ڈی ایچ ایس کی پناہ کی ضرورت ہے اور آپ کو کوئی ایسی معذوری لاحق ہے جس کی وجہ سے آپ کو ڈی ایچ ایس کی خدمات کا استعمال کرنے میں دشواری ہوتی ہے، تو آپ مناسب سہولت (آر اے) کی درخواست کرسکتے ہیں۔

بے گھر افراد کی خدمات کے محکمہ (ڈی ایچ ایس) کو آپ اور آپ کے اہل خانہ کی معذوری سے متعلق ضروریات کو لازمی طور پر ایڈجسٹ کرنا ہوگا، حتی کہ اگر آپ کو ابھی پناہ کی سہولت کا اہل نہیں پایا گیا ہو۔کچھ عام وجوہات جن کی بناء پر کسی کو مناسب سہولت (آر اے) کی ضرورت پڑسکتی ہے، وہ یہ ہیں؛ کیا وہ وہیل چیئر یا چلنے پھرنے کے دوسرے معاون آلات کا استعمال کرتے ہیں، کیا انہیں سننے میں تکلیف ہوتی ہے، یا کیا انہیں پڑھنے کی معذوری لاحق ہے۔

### مجھے کس طرح کی مناسب رہائشی سہولت مل سکتی ہے؟

مناسب سہولت (آر اے) کی ہر درخواست ہر درخواست دہندہ فرد کے تئیں منفرد اور مخصوص ہوتی ہے۔کسی فرد کو مطلوبہ مناسب سہولت (آر اے) کی نوعیتیں اور تعداد کی کوئی حد متعین نہیں ہے۔عمومی مناسب سہولتوں (آر اے) کی چند مثالیں یہ ہیں؛ اگر آپ طویل مدت تک انتظار نہیں کرسکتے ہیں، تو ڈی ایچ ایس کے دفاتر میں انتظار کا مختصر وقت، اگر آپ سیڑھیوں سے اوپر اور نیچے نہیں جاسکتے ہیں تو لفٹ کی رسائی حاصل کرسکتے ہیں، اگر آپ کو کوئی ایسی معذوری لاحق ہے جس کی وجہ سے آپ کو نسبتا زیادہ گرم ہوا میں سانس لینا مشکل ہوجاتا ہے، تو ایئر کنڈیشنر کی رسائی، یا اگر آپ کو الرجی یا کسی طبی حالت کی وجہ سے کوئی مخصوص غذا کی پابندی کرنی ہے، تو آپ کے لئے خصوصی غذاء۔

### میں مناسب سہولت کی درخواست کیسے دوں؟

مناسب سہولت (آر اے) کے لئے درخواست دینے کے متعدد طریقے ہیں۔سب سے عام طریقے یہ ہیں کہ اپنی پناہ گاہ کےعملہ کے ممبر کو کہیں یا ڈی ایچ ایس کی مناسب سہولت کی درخواست فارم کو مکمل کریں۔اگر آپ کو فارم بھرنے میں مدد کی ضرورت ہو، تو پناہ گاہ میں موجود عملہ کو آپ کی مدد کرنی چاہئے۔

اگر آپ کی معذوری "ظاہر" یا واضح ہے، تو آپ کو اپنی ضرورت کے لئے کوئی دستاویزات یا فارم بھرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ مثال کے طور پر، وہیل چیئر استعمال کرنے والا شخص لفٹ والی عمارت میں یا پہلی منزل رہنے کی درخواست کرسکتا ہے۔ اس معاملے میں، مؤکل کو اس بات کے لئے دستاویز دینے کی ضرورت نہیں ہوگی کہ اسے ویل چیئر کی ضرورت ہے، کیونکہ عملہ اسے دیکھ سکتے ہیں۔

اگر آپ کی معذوری "ظاہر" یا عیاں نہیں ہے، تو آپ کو اپنی مناسب سہولت (آر اے) کی درخواست میں دستاویز دینے کی ضرورت پڑسکتی ہے تاکہ اس کی منظوری دی جائے۔آپ کے مناسب سہولت "آر اے) کی درخواست دینے اور دستاویز جمع کرنے کے بعد (اگر مطلوب ہو)، پناہ گاہ کے عملہ اس درخواست اور کسی طرح کے دستاویزات کو ڈی ایچ ایس کے پاس بھیج دیں گے۔ پھر، ڈی ایچ ایس کے عملہ اس بارے میں فیصلہ کریں گے کہ آیا آپ کی مناسب سہولت (آر اے) کی درخواست کو منظوری دی گئی ہے۔

**مناسب سہولت (آر اے) کی درخواست کے لئے ڈی ایچ ایس کو کس طرح کے دستاویزات مطلوب ہیں؟**

اگر آپ کی معذوری ظاہر ہے، تو آپ کو ڈی ایچ ایس کی طرف سے اپنی آر اے کی درخواست کو منظور کرانے کے لئے کوئی دستاویزات فراہم کرنے کی ضرورت نہیں ہوگی۔ نیز، اگر ڈی ایچ ایس کے پاس پہلے سے ہی آپ کی معذوری اور آر اے کی ضرورت سے متعلق دستاویزات کی کاپیاں موجود ہوں، جو ڈی ایچ ایس نے پہلے منظور کیا ہے، تو آپ کو دوبارہ وہی معلومات جمع کرنے کی ضرورت نہیں ہوگی۔بعض اوقات ڈی ایچ ایس اپنے پاس سابقہ ریکارڈوں کی کاپیاں نہیں رکھتا ہے، اور وہ آپ سے دوبارہ ان کو طلب کر سکتے ہیں۔

اگر آپ کی معذوری "ظاہر" یا عیاں نہیں ہے، تو آپ کو اپنی معذوری کی ضرورت سے متعلق درخواست میں دستاویز ڈی ایچ ایس کو دینے کی ضرورت پڑسکتی ہے۔دستاویزات کسی ایسے پیشہ ور کے ذریعہ آنا چاہئے جو آپ کی معذوری سے آگاہ ہو۔ مثال کے طور پر، یہ دستاویزات کسی ڈاکٹر، سماجی کارکن، باز آبادکاری کونسلر، یا دیگر طبی پیشہ ور افراد کی طرف سے جاری ہوسکتے ہیں۔

آپ کو اپنی آر اے کی درخواست کے ساتھ جو دستاویزات پیش کرنے کی ضرورت ہے، وہ میڈیکل ریکارڈ کے جیسے نہیں ہیں۔در حقیقت، آپ کو جس دستاویزات فراہم کرنے کی ضرورت ہے وہ میڈیکل ریکارڈ سے کہیں زیادہ محدود ہے۔ آپ کو صرف ایک خط جمع کرانے کی ضرورت ہے، جو درج ذیل تین طرح کی معلومات پر مشتمل ہونا چاہئے:

1. وہ مناسب سہولت (آر اے) جو آپ کو درکار ہے۔
2. متعلقہ معذوری
3. اور آپ کی معذوری (یا معذوریوں) اور آپ کودرکار مناسب سہولت (آر اے) کا تعلق۔ خط کے اس تیسرے حصے میں یہ واضح کیا جانا چاہئے کہ آر اے کے حصول سے آپ کو پناہ گاہ کی رسائی میں کیسے مدد ملے گی، اس طرح کہ وہ رسائی آپ کو آر اے کے بغیر نہیں مل سکتی ہے۔

مزید برآں، خط میں درج ذیل معلومات شامل کرنا بہت مدد گار ہوتا ہے، مگر انہیں شامل کرنا مطلوب نہیں ہے:

4. آر اے کے بغیر آپ کو درپیش ہونے والی کسی بھی طرح کی دشواری (مثال کے طور پر، سنگین عوارض لاحق ہوتے ہیں، اپنے ڈاکٹر سے اکثر ملنے کی ضرورت ہوتی ہے، یا اپنی دوا میں اضافہ کرنا پڑتا ہے)
5. جس مناسب سہولت (آر اے) کے لئے آپ درخواست کررہے ہیں، اگر وہ آپ نہ ملے، تو مستقبل میں آپ کو کون سی بری چیزیں درپیش ہوسکتی ہیں۔

6. ایک فون نمبر یا ای-میل جس کا استعمال کرکے ڈی ایچ ایس خط لکھنے والے شخص سے رابطہ کرسکتا ہے۔

**میری معذوری سے متعلق معلومات کو ڈی ایچ ایس کس طرح استعمال میں لائے گا؟**

ڈی ایچ ایس اپنی معذوری سے متعلق دی گئی معلومات کا استعمال صرف آپ کی آر اے کی درخواست پر فیصلہ کرنے کے لئے کرے گا۔ ڈی ایچ ایس آپ کی پوری طبی تاریخ جاننے کا مجاز نہیں ہے۔آپ کو صرف اپنی آر اے کی درخواست سے متعلق معلومات کو شیئر کرنے کی ضرورت ہے۔

آپ کی آر اے کی درخواست میں اپنی معذوری سے متعلق جو معلومات ڈی ایچ ایس کو موصول ہوتی ہیں وہ رازدارانہ ہیں۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ ڈی ایچ ایس کو آپ کی اجازت کے بغیر دوسرے لوگوں یا اداروں کے ساتھ آپ کی معلومات شیئر کرنے کی اجازت نہیں ہے۔ ڈی ایچ ایس آپ سے ایچ آئی پی اے اے فارم پر دستخط کرنے کے لئے کہہ سکتا ہے، تاکہ وہ آپ کے ڈاکٹر سے آپ کی آر اے کے بارے میں بات کرسکے۔ایچ آئي پی اے اے ایک فارم ہے جس سے آپ کے ڈاکٹر کو آپ کی طبی حالت کے بارے میں آپ کے علاوہ دیگر لوگوں سے بات کرنے کی اجازت ملتی ہے۔ ڈی ایچ ایس کو آپ کے ڈاکٹر سے بات کرنے دیں یا نہیں، یہ فیصلہ آپ کو کرنا ہے، لیکن یہ اجازت دینے سے آپ کی آر اے کی درخواست پر تیزي سے فیصلہ کرنے میں ڈی ایچ ایس کو اکثر مدد مل سکتی ہے۔

**ڈی ایچ ایس کو میری آر اے کی درخواست پر فیصلہ کرنے میں کتنا وقت لگے گا؟**

آپ کی آر اے کی درخواست پر ڈی ایچ ایس کے جلدی سے فیصلہ لینے کی توقع ہے۔آپ کی آر اے کی درخواست پر ڈی ایچ ایس کے ذریعہ جواب دینے میں لگنے والا وقت کا انحصار اس بات پر ہوتا ہے کہ آپ کو کس طرح کی معذوری لاحق ہے اور یہ کہ اگر آپ کو فوری طور پر آر اے موصول نہیں ہوتی ہے تو کیا کچھ ہوسکتا ہے۔ ہنگامی حالات میں، ڈی ایچ ایس کو یہ یقینی بنانا ضروری ہوگا کہ آپ کی آر اے کی درخواست پر فیصلہ کرنے لگنے والا وقت اتنا لمبا نہ ہو کہ اس کا اثر درخواست مسترد کرنے جیسا ہی پڑجائے۔ مثال کے طور پر، اگر آپ کو کسی بھی طرح پناہ گاہ کی رسائی کے لئے آر اے کی ضرورت ہو، تو ڈی ایچ ایس کو فوری طور پر آپ کی آر اے کی درخواست پر فیصلہ کرنا چاہئے۔

باضابطہ فیصلہ کرنے سے پہلے ڈی ایچ ایس آپ کو "عارضی آر اے " فراہم کرسکتا ہے۔"عارضی آر اے" کا مطلب ہے کہ ڈی ایچ ایس آپ کو مانگتے ہی آر اے کی فراہمی پر رضامند ہے، اگرچہ ابھی یہ باضابطہ طور پر منظور نہیں ہوئی ہے۔ اگر آپ کو ابھی آر اے نہ ملنے پر آپ کو کسی نقصان سے دوچار ہونے کا خدشہ ہو، تو امید کی جاتی ہے کہ ڈی ایچ ایس آپ کو ایک عارضی آر اے فراہم کرے گا۔ جب ڈی ایچ ایس آپ کی تمام معلومات کا جائزہ لے گا تو وہ یہ فیصلہ کرے گا کہ آپ عارضی آر اے کو برقرار رکھ سکتے ہیں یا نہیں۔

اگر آپ کو لگتا ہے کہ آپ کی آر اے کی درخواست پر فیصلہ کرنے میں بہت زیادہ وقت لگ رہا ہے، تو ، آپ مدد کے لئے یہاں رجوع کرسکتے ہیں (ملاحظہ کریں "اگر مجھے اپنی آر اے کی درخواست میں مدد کی ضرورت ہو یا آر اے کے پروسیس کے بارے میں سوالات پوچھنے ہوں، تو کیا کرنا ہوگا؟")۔

**جب ڈی ایچ ایس میری آر اے کی درخواست پر کوئی فیصلہ کرلے، تو کیا ہوتا ہے؟**

اگر ڈی ایچ ایس آپ کی آر اے کی درخواست کو منظور کرلیتا ہے، تو آپ کی پناہ گاہ آپ کو باضابطہ فیصلہ کا فارم دستخط کرنے کے لئے دے گی۔ اگر آپ نہ چاہیں، تو آپ کو اس پر دستخط کرنا نہیں ہے۔ڈی ایچ ایس آپ کو مفت میں آر اے فراہم کرے گا۔جب آر اے کی منظوری مل جائے، تو تمام پناہ گاہ کے مراکز کو آپ کی منظور شدہ آر اے فراہم کرنا لازمی ہوگا۔

اگر ڈی ایچ ایس آپ کی آر اے کی درخواست کو مسترد کر دیتا ہے اور آپ کو لگتا ہے کہ اس کا فیصلہ غلط ہے، تو آپ اس فیصلے کے خلاف اپیل کرسکتے ہیں۔ اپیل کرنے کے لئے، یہ لکھنا بہتر ہے کہ آپ ایسا کیوں سمجھتے ہیں کہ ڈی ایچ ایس کا فیصلہ غلط ہے۔ آپ اپنی آر اے کی ضرورت کے بارے میں اضافی معلومات کو شامل کرسکتے ہیں۔ بعض اوقات، کسی ایسے پیشہ ور کی طرف سے دوسرا خط حاصل کرنا مددگار ہوسکتا ہے جو آپ کی معذوری سے واقف ہے۔ ڈی ایچ ایس آپ کی اپیل پر غور کرے گا اور فیصلہ کرے گا کہ آیا درخواست مسترد کرنا غلط تھا۔ آپ کو اپنی درخواست مسترد ہونے کی اطلاع موصول ہونے کے 15 دنوں کے اندر ڈی ایچ ایس کے فیصلے کے خلاف اپیل دائر کرنا ہوگا۔ اگر آپ کو مدد درکار ہو، تو آپ کی پناہ گاہ میں موجود کسی فرد کو اپیل کا فارم بھرنے میں آپ کی مدد کرنی چاہئے۔ اگر آپ کی درخواست مسترد ہونے کے بعد 15 دن گزر چکے ہیں، تو آپ کے پاس اسی آر اے کے لئے نئی درخواست دینے کا اختیار بھی موجود ہے۔ آر اے کے لئے دی جانے والی درخواستوں کی تعداد کی کوئی حد مقرر نہیں ہے۔

**اگر میں آر اے کی درخواست دوں، تو کیا مجھے منتقل کیا جاسکتا ہے؟**

اگر ڈی ایچ ایس یہ خیال کرے کہ آپ کی موجودہ پناہ گاہ آپ کی آر اے کی ضروریات کو پورا نہیں کرسکتی ہے، تو وہ آپ کے اپنی آر اے کی درخواست دینے کے بعد آپ کو کسی دوسرے کمرے یا کسی نئی پناہ گاہ میں منتقل کرسکتے ہیں۔ آپ منتقلی سے منع کر سکتے ہیں، لیکن ڈی ایچ ایس اس کا یہ مطلب سمجھے گا کہ اب آپ کو آر اے کی ضرورت نہیں ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ جب تک آپ دوبارہ درخواست نہ دیں اور اس پر دوبارہ منظوری نہ ملے، تب تک آپ کو آر اے نہیں ملے گی۔

**اگر مجھے اپنی آر اے کی درخواست کے سلسلے میں مدد کی ضرورت پڑے یا آر اے کے پروسس کے بارے میں سوالات پوچھنے ہوں تو کیا کرنا ہوگا؟**

آپ اپنی آر اے کی درخواست میں مدد کے لئے یا دیگر سوالات پوچھنے کے لئے لیگل ایڈ کے ہوم لیس رائٹس پروجیکٹ میں 800-649-9125 پر کال کرسکتے ہیں۔ ہوم لیس رائٹس پروجیکٹ کی ہیلپ لائن پیر سے جمعہ تک، صبح 10بجے سے 3 بجے تک کھلی رہتی ہے۔

آپ آر اے کے پروسیس کے بارے میں ڈی ایچ ایس سے سوالات پوچھنے کے لئے معذوری کے امور کے دفتر سے DisabilityAffairs@dss.nyc.gov بھی رابطہ کرسکتے ہیں۔

آر اے کی درخواست دینے کے بارے میں مزید جاننے کے لئے اور اگر آپ کو لگے کہ ڈی ایچ ایس میں کسی نے آپ کی معذوری کی بناء پر آپ کے ساتھ امتیازی سلوک کیا ہے، تو شکایت درج کرانے کے بارے میں مزید معلومات کے لئے آپ ڈی ایچ ایس کے درخواست دہندگان اور معذور مؤکلین کی ویب سائٹ کو ملاحظہ کرسکتے ہیں۔

براہ کرم یہ نوٹ کریں: آپ کو اپنی پسند کی زبان میں خدمات حاصل کرنے کا حق حاصل ہے۔اگر انگریزی کے علاوہ کوئی دوسری زبان آپ کی پسندیدہ ہے، تو ڈی ایچ ایس کو لازمی طور مناسب رہائشی خدمات اور ملاحظات آپ کو اپنی پسندیدہ زبان میں فراہم کرنا ہوگا۔ براہ کرم یہ ویب سائٹ ملاحظہ کریں؛ دفترمیئر برائے امور مہاجرین کی زبان کی رسائی کی ویب سائٹ یا لیگل ایڈ سوسائٹی کی آپ کے زبان کی رسائی کے حقوق سے متعلق ویب سائٹ دیکھیں۔